© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

## مستری محمد سلطان مرحوم

مسجد نور مدرسہ معمورہ (ملتان) کے مدرس حافظ رحیم بخش صاحب کے بھتیجے اور قاری محمد رمضان مدرس مدرسہ کنزالقرآن و الحدیث (چیچا وطنی) کے جواں سال بھائی مستری محمد سلطان، محمود کوٹ میں کرنٹ لگنے سے انتقال کر گئے۔

## جناب خورشید احمد کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام مظفر گڑھ کے کارکن جناب خورشید احمد صاحب کے والد ماجد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

## حافظ محمد جمال صاحب کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام کے قدیمی کارکن محترم حافظ محمد جمال صاحب آف غازی پور (ضلع رحیم یار خان) کی جواں سال بہو گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

## محمد اشفاق مرحوم

مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے جواں سال کارکن جناب محمد اشفاق مرحوم ۲۲ ستمبر ۱۹۹۸ء بروز منگل اچانک انتقال کر گئے۔ مرحوم کے انتقال سے اراکین جماعت کو گہرا صدمہ اور نقصان پہنچا ہے۔ مرحوم انتہائی خلیق، محنتی، مخلص اور جماعت کے مشن کے لئے ہمہ وقت مستعد رہنے والے نوجوان تھے، ان کی عمر تقریباً ۲۳ سال تھی۔ مرحوم کے والد جناب محمد یعقوب صاحب اور دیگر اعزہ جواں سال بیٹے کی رحلت سے انتہائی غمزدہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے (آمین)

## جناب اورنگزیب اعوان کو صدمہ:

ہزارہ سے ہمارے مہربان اور کرم فرما محترم اورنگزیب اعوان صاحب کے والد ماجد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

## مولانا محمد اسلم شیخوپوری کو صدمہ:

جامعہ بنوریہ کراچی کے استاذ اور ممتاز عالم مولانا محمد اسلم شیخوپوری کے والد ماجد گزشتہ دنوں رحلت فرما گئے۔

## والدہ مرحومہ سید سجاد حسین بخاری:

لاڑکانہ سے ہمارے رفیق فکر محترم سید سجاد حسین بخاری کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئیں۔

منتظم دفتر نقیب ختم نبوت محمد یوسف شاد کے عزیز، ظہور احمد کے والد میاں اللہ بخش ہنجرا گڑھ موڑ میں ۲۰ ستمبر ۹۸ء کو انتقال کر گئے۔

بقیہ ص ۶۳ پر

© rasailojaraid.com